سبق نمبر:1

# ہوم سائنس کیا ہے؟

ہوم سائنس کا معنی گھر کا انتظام ہے۔اس میں ہمارے متعلق، ہمارے گھر،افراد خاندان اور ہمارے وسائل پر اثر انداز ہونے والی تمام چیزیں شامل ہیں۔اس کا مقصد ہمارے وسائل کے موثر اور سائنسی استعمال کے ذریعہ یہ ہمارے اورارکان خاندان کے لئے زیادہ سے زیادہ اطمینان کا حصول ہے۔ہوم سائنس کا مطلب پیشہ وارنہ کامیابی اور صحتمند وخوشحال خاندان کے لئے سائنس کے استعمال کی مہارتیں ہے۔ہوم سائنس کی تعریف میں "آرٹ" اور "سائنس" کے الفاظ استعمال کئے گئے کیونکہ ہوم سائنس دستیاب وسائل کے استعمال کے ذریعہ خوبصورت پرسکون ماحول پیدا کرنا سکھاتی ہے۔ہوم سائنس ہمیں ہمارے جسم کے لئے درکار مختلف غذاؤں اور ہمارے جسم پران کے اثرات کے متعلق معلومات فراہم کرتی ہے۔لہٰذا یہ ایک سائنس ہے۔اس کے ساتھ ساتھ یہ ہمیں قیمتی غذاء جو پرکشش انداز میں منظّم کی جائے،اوراس کا انتخاب کرنے میں مدد کرتی ہے اس لئے یہ ایک "آرٹ" ہے۔اس طرح سائنس اور آرٹ کرانضمام سے ہماری زندگی خوشحال ہوتی ہے۔بچوں اور بزرگوں سمیت تمام ارکان خاندان کے ساتھ موثر طریقے سے بات چیت کرنے کی صلاحیت کوفروغ دینے میں ایک اہم مہارت اور آرٹ ہے۔یہ ہم سب کو ہم آہنگی اور باہمی تعلقات کو خوشگوار بنانے اور خوشحال پرسکون زندگی کی تعلیم دیتا ہے۔سائنس اور آرٹ سے لئے گئے نصاب کے باعث وہ ہوم سائنس کوایک بین انضباطی حلقہ عمل بناتے ہیں۔

بدلتے سماجی ومعاشی حالات کی وجہ سے تمام ارکان خاندان کو کوشش کرنا ضروری ہے۔فی زمانہ خواتین مردوں کے مقابلے میں زیادہ کام کررہی ہیں۔ گھر اور دفتر میں،مرد اور خواتین دونوں کے لئے ہوم سائنس بڑے پیمانے پر کام کے ممکنہ مواقع فراہم کرتا ہے۔یہ علم نہ صرف ہمارے گھر اور ذاتی زندگی کو بہتر بنانے میں مدد کرتا ہے- ہوم سائنس کے ذریعے حاصل کردہ مہارت آپ کے ذاتی اطیمان اور خاندانی کی اقتصادحالت کو بہتر بنانے میں مدد کرتی ہے- جیسا کہ ہوم سائنس میں آپ کئی مہارتوں کو سیکھیں گے جو آپ کو گھر سے ہی کاروباری اداروں جیسے کیٹرنگ یونٹ،دن کی دیکھ بھال کے مراکز قائم کرنے میں مدد کرتی ہے۔گھر کے اندر اور باہر مرد اور خواتین کو تفویض کردہ مخصوص کام ان کے سماجی رویوں کی بنیاد پر ہیں کوئی بھی کام مرد اور خواتین دونوں کرسکتے ہیں-صرف ماں ہی بچوں کی دیکھ بھال کرسکتی ہے- ایسا نہیں ہے والد بھی یہ کام کرسکتے ہیں- کوئی بھی کام مرد یا خواتین کے لئے مختص نہیں ہوتا- ہرقسم کا کام مراد اور خواتین دونوں کی جانب سے کیا جاسکتا ہے۔

ہوم سائنس چند مخصوص حصوں کا احاطہ کرتی ہے جیسا کہ غذاء اور تغذیہ، وسائل کا انتظام، انسانی ترقی کپڑے اور لباس کی تیاری ہم افراد خاندان اور باہر والوں کے ساتھ باہمی تعلقات کو فروغ دینا سیکھتے ہیں- ہم اپنے وسائل، وقت، توانائی اور پیسہ کا بہتر استعمال سیکھتے ہیں تا کہ ہمیں زیادہ سے زیادہ اطمیان حاصل ہو، ہم اپنے والدین اور آباء واجداد کی جانب سے پیش کردہ روایتی معلومات تجربوں کی قدر کرتے ہیں اور ہمیں اس کو برقرار رکھنا چاہیے اوراس کی قدر کرنی چاہیے- سائنس اور ٹکنالوجی میں ترقی بدلتے سماجی، معاشی صورتحال اور 21 ویں صدی کے چیلنجوں کا سامنا کرنے اوران سے نمٹنے میں مدد کرتی ہے۔

سائنس اور آرٹ دونوں ضابطوں سے ہوم سائنس تقویت حاصل کرتی ہے- یہ طلباء میں تصورات کو سمجھنے اور صلاحیتوں کے فروغ کے ساتھ ساتھ روزمرہ کی زندگی میں ان کو روبہ عمل لانے کے قابل بناتا ہے۔

ہوم سائنس کے ذریعے آپ صحتمند تغذیہ بخش غذا وسائل کا موثر استعمال لکھتے ہیں- آپ یہ معلومات کا استعمال زندگی اور گھر میں بہتری لانے کے لئے کرسکتے ہیں- آپ ارکان خاندان کی تشفی کرسکتے ہیں- آپ حاصل کردہ مہارتوں کا استعمال معاشی حالات کو بہتر بنانے کے لئے بھی کرسکتے ہیں گھر

کی ذمہ داریوں کی تکمیل کے لئے آپ تیار ہونگے - آج کل خواتین گھر میں کام کرنے کے ساتھ باہر بھی کام کرتی ہیں - لہذا ہوم سائنس انہیں مردوں کے برابر ذمہ داریوں کا اشتراک کرنے اور خوبصورت گھر تعمیر اور تنازعہ سے آزاد ترقی کے قابل بناتا ہے - ہوم سائنس ذمہ دار شہری، اچھے والدین بننے اور کامیاب Home Makers بننے میں مفید ہے -

ہوم سائنس ایک وسیع و عریض مکمل مضمون ہے لیکن عام آدمی کے نکتہ نظر سے اس موضوع کے متعلق چند غلط تصورات موجود ہیں ۔

1. عام انسان کا خیال ہے کہ ہوم سائنس کپڑے دھونے، سلائی اور پکوان کرنے، استری کرنے تک محدود ہے۔
2. ہوم سائنس صرف لڑکیوں کے لئے بنایا گیا ہے . اس لئے صرف لڑکیوں کو ہی اس کا مطالعہ کرنا چاہیے۔
3. ہوم سائنس ماں یا نانی، دادی کی ذریعہ سیکھی جاسکتی ہے اس کے لئے رسمی تعلیم ضروری نہیں۔
4. ہوم سائنس کسی پیشے کی طرف رہبری نہیں کرتا یہ گھر سے متعلق تمام پہلوں کی تعلیم دیتا ہے۔
5. اس کتاب کے تمام ابواب کا مطالعہ کرنے سے ہم تمام غلط فہمیوں کا ازالہ کریں گے اور ہمیں معلوم ہوگا کہ ہوم سائنس بھی صرف سائنس کی ایک شاخ ہے۔
6. ہوم سائنس کے اجزائے ترکیبی یا شعبے کیا ہیں؟ کسی ایک شعبے میں خصوصی مطالعہ کے شعبوں کی فہرست مرتب کیجئے۔

ہوم سائنس

- غذاء اور غذائیت
- وسائل کا بندوبست
- کپڑے اور لباس سازی
- انسانی نشو ونما
- نشر و اشاعت اور توسیع

خصوصی مطالعاتی شعبے

| مرکزی شاخ | مزید خصوصی مطالعہ کے شعبے |
| --- | --- |
| غذاء اور غذائیت | • غذائی سائنس<br>• غذائیت ۔ کلینکی غذائیت اور کمیونٹی غذائیت<br>• انسٹی ٹیوشنل فوڈ سرویس |
| کپڑے اور لباس سازی | • ٹیکسٹائل سائنس<br>• ٹیکسٹائل ڈیزائننگ<br>• گارمنٹ ڈیزائننگ<br>• کپڑوں کی دیکھ بھال اور رکھ رکھاؤ |
| وسائل کا بندوبست | • وسائل کا بندوبست<br>• مکان اور ساز وسامان<br>• داخلی تزئین و آرائش<br>• صارف کی تربیت |

| | |
|---|---|
| انسانی تعلیم وتربیت اور ترقی | • بچے کی دیکھ بھال اور فلاح و بہبود • سن بلوغت، شادی اور خاندان کی رہنمائی<br>• بوڑھوں کی دیکھ بھال • معذور بچوں کی دیکھ بھال |
| نشرواشاعت اور توسیع | • پروگرام کی منصوبہ بندی اور اندازۂ قدر • تربیت اور صلاحیت کی افزائش<br>• کمیونٹی سروس تنظیموں کا بندوبست |

ہوم سائنس میں خصوصی مطالعہ (Specialization) کے لیے آپ تنخواہ اور کام کا انتخاب کرسکتے ہیں یا اپنا کام کرنے کے لیے کسی پیشہ کو چن سکتے ہیں۔اس کے علاوہ اس مضمون کو پڑھ کر جو صلاحیتیں آپ کے اندر پیدا ہوئی ہیں، ان کے لحاظ سے صلاح مشورے کا دفتر (Consultancy) کھول سکتے ہیں۔

| معلومات/مہارتیں | تنخواہ والی ملازمت کے مواقع | کام کرنے کے مواقع |
|---|---|---|
| کیٹرنگ | • کینٹین /ریسٹورنٹ کے اسٹاف میں<br>• باورچی۔کافی/چائے کی دکان وغیرہ<br>• سروس اسٹاف | • کینٹین ، ریسٹوران ، چائے/کافی کی دکان کے مالک<br>• گھر سے کھانا پہنچانے کی سروس<br>• ہابی کلاسیس چلانا |
| کھانے کو محفوظ کرنا/بیکری' کیک اور بسکٹ وغیرہ | • پروٹین<br>• ٹریننگ اور سروس اسٹاف<br>• کمیونٹی سنٹر کا انچارج | • پروڈکشن یونٹ کا مالک<br>• گھر کے پروڈکشن یونٹ سے سروس<br>• ہابی کلاسیس چلانا |
| داخلی تزئین و آرائش | • انٹیریر ڈیزائنر<br>• فرنیچر ڈیزائنر<br>• شوروم کے اسٹاف میں | • انٹیریر ڈیزائنر<br>• فرنیچر ڈیزائنر<br>• ہابی کلاسیس/کورس چلانا<br>• شوکیس ونڈوز، پلنگ ڈیزائن |
| آرٹس اینڈ کرافٹس | • گورنمنٹ اسٹاف، ایمپوریم/شوروم/اینٹیک<br>• آرٹس اینڈ کرافٹس کی چیزوں کو ڈیزائن کرنا<br>• پروڈکشن یونٹ میں کام کرنا۔ | • اپنا کام یا اپنی دکان چلانا<br>• گھر پر کرافٹ سنٹر چلانا<br>• ہابی کلاسیس/کورس چلانا |

4. بتائیے کہ درج ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط۔وجہ بھی بتائیے۔

(i) ہوم سائنس پڑھ کر روزگار نہیں ملتا۔ (ii) ہوم سائنس کا مضمون لڑکے اور لڑکیوں کو گھر اور باہر دونوں طرح کے کاموں کی صلاحیتوں سے آراستہ کرتا ہے۔